# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

## (شعبہ حدیث و سیرت)

کورس: سیرت طیبہ (436) — سمسٹر: بہار2014ء

سطح: بی اے

## بستہ برائے طلبہ

عزیز طالب علم/ طالبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ!

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل مواد بھجوایا جا رہا ہے اگر آپ کے بستے میں متذکرہ کوئی چیز موصول نہ ہو تو اس کی اطلاع" شعبہ ترسیل، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تا کہ مطلوبہ کمی کو پورا کیا جا سکے۔

| | | |
|---|---|---|
| -1 | کتاب سیرت طیبہ | ایک عدد |
| -2 | عمومی رہنمائے طلبہ | ایک عدد |
| -3 | امتحانی مشق نمبر 1 تا 4 | ایک عدد |
| -4 | فارم برائے امتحانی مشق | 12عدد |
| -5 | اوقات نامہ | ایک عدد |

(الف) مشقی کام، (ب) تعلیمی اجتماعات (ج) ریڈیو پروگرام

کورس رابطہ کار

محمد رفیق صادق
لیکچرار
شعبہ حدیث وسیرت

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

(شعبہ حدیث و سیرت)

کورس: سیرت طیبہ (436) سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: بی اے

## رہنمائے طلبہ

عزیز طلباء وطالبات! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

سیرت طیبہ 436 کے کورس میں ہم آپ کو اھلاً وسھلاً کہتے ہیں اور رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی سے آپ کی محبت اور دلچسپی کی قدر کرتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ اس کورس کو بہت مفید پائیں گے اور یہ آپ کے لیے مشعل راہ ثابت ہوگا۔

آپ کی توجہ کے لیے عرض ہے کہ فاصلاتی نظام تعلیم میں بذریعہ مراسلت تعلیم حاصل کرنے کے لیے آپ کو زیادہ محنت کرنا ہوگی اس کے علاوہ پابندی وقت اور مستقل مزاجی کے ساتھ مطالعہ کی عادت اپنانا ہوگی۔

یونیورسٹی کورس/مضمون کے مختلف ابواب کو یونٹس کہا جاتا ہے۔ اور ایک یونٹ میں ایک ہفتے کا مطالعاتی مواد ہوتا ہے اس لیے ایک ہفتے میں ایک یونٹ کا مطالعہ ضرور کیجئے۔ مطالعہ کے دوران اہم نکات اور ضروری معلومات کو پنسل سے انڈر لائن کرلیں اور بہتر یہ ہے کہ ہر یونٹ کا خلاصہ اور اہم نکات نوٹ بک پر لکھ لیجئے۔ اس طرح معلومات جلد ذہن نشین ہو جائیں گی اور آپ کو بار بار یونٹ پڑھنے اور اسے یاد کرنے کی ضرورت محسوس نہ ہوگی۔ نیز مطالعہ یکسوئی اور توجہ سے پرسکون ماحول میں کیجئے۔

مطالعہ کے ساتھ ساتھ امتحانی مشقی کام کو بھی پیش نظر رکھیے۔ ایک مشقی کام چار یونٹوں پر مبنی ہوتا ہے اس لیے ان یونٹوں کا مطالعہ کرنے کے بعد مشقی کام حل کیجئے اور جوابات خوش خط لکھیے۔ مشقی کام مکمل کرنے کے بعد فارم برائے مشقی کام (تین عدد) پر کرلیجئے۔ ان فارموں پر اپنا نام، پتہ اور رول نمبر وغیرہ احتیاط سے لکھیے اور کوئی کالم خالی نہ چھوڑیے اس کے بعد مشقی کام مع فارم (پرت) مقررہ کورس ٹیوٹر کو مشقی کام بھیجنے کی آخری تاریخ سے پہلے ارسال کر دیجئے جو اسے چیک کرنے کے بعد آپ کو واپس بھیج دیں گے۔ مشقی کام نمبر 2 حل کرنے سے پہلے چیک شدہ مشقی کام اپنے سامنے رکھیے اور ان غلطیوں کے دہرانے سے احتراز کیجئے جن کی نشان دہی ٹیوٹر نے پہلے مشقی کام میں کی ہو اس سے آپ کے دیگر مشقی کام کا معیار بہتر ہوگا اور آپ پہلے سے زیادہ نمبر حاصل کرسکیں گے۔

ہمیں امید ہے کہ یہ کورس آپ کے لیے مفید معلومات کا ذریعہ بنے گا اور آپ کی عملی زندگی میں معاون ثابت ہوگا۔

دعاؤں کے ساتھ

کورس رابطہ کار
محمد رفیق صادق
لیکچرر
شعبہ حدیث و سیرت

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
## (شعبہ حدیث وسیرت)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: سیرت طیبہ (436) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: بی اے — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

## مشقی کام نمبر 1
(یونٹ نمبر 1 تا 4)

سوال نمبر 1۔ مشرکین مکہ نے نبی کریم ﷺ کو جو ایذائیں دیں اور ان کے کس طرح جانی دشمن بن گئے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ نبوت ملنے سے پہلے بھی نبی کریم ﷺ کی شخصیت مکہ میں ممتاز تھی۔ مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حضرت خدیجہؓ کی بابت تحریر کرتے ہوئے وضاحت سے بتائیں کہ اُن کے دل میں آنحضور ﷺ کے لیے محبت و عقیدت کے جذبات کیسے پیدا ہوئے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ سیرت کے لغوی و اصطلاحی مفہوم واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ ((10x2=20))

1- کسی علم کے مآخذ سے کیا مراد ہے؟
2- عرب بت پرستوں کو خدا سمجھتے تھے یا خدا کا سفارشی؟
3- واقعہ اصحاب فیل سے کتنے دنوں بعد آنحضور ﷺ کی ولادت ہوئی؟
4- اُم ایمن کون تھیں؟
5- اہل عرب کن چار مہینوں کو محترم سمجھتے تھے؟
6- معراج سے پہلے کتنی نمازیں فرض تھیں؟
7- حضور ﷺ نے حضرت خدیجہؓ کا کتنا مہر مقرر کیا تھا؟

8- آپ ﷺ نے کس سن میں برملا نبوت کا اعلان کیا؟

9- حضور ﷺ کے بال کیسے تھے؟

10- حضور ﷺ کی پشتِ مبارک پر اوجھڑی کس دشمن اسلام نے رکھی؟

## مشقی کام نمبر 2
(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر: 100

سوال نمبر 1۔ نبی کریم ﷺ کے وصال سے متعلق واقعات تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ ثابت کریں کہ غزوہ احد میں مسلمانوں کو شکست نہیں ہوئی؟ (20)

سوال نمبر 3۔ ''خطبۂ حجۃ الوداع منشورِ انسانیت ہے'' خطبے کے اہم نکات کی روشنی میں اِس بیان پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مواخاتِ مدینہ سے کیا مراد ہے؟ نیز اُس کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ آنحضور ﷺ نے مختلف ممالک کے بادشاہوں کو جو خطوط تحریر کروائے اُن میں سے کسی دو پر تبصرہ کریں۔ (20)

## مشقی کام نمبر 3
(یونٹ نمبر 10 تا 13)

کل نمبر 100

سوال نمبر 1۔ اسلام نے ذمیوں کو کیا حقوق دیے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 2۔ رسول اکرم ﷺ کی عالم گیر زندگی کے نمایاں پہلوؤں کی فہرست تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حضور ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں تعلیم نسواں کی ضرورت و اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ علم کی تعریف کریں اور اس کی اقسام مفصل تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ والدین کے ساتھ حسن سلوک کے حوالہ سے اسلامی تعلیمات بیان کریں۔ (20)

## مشقی کام نمبر 4
(یونٹ نمبر 14 تا 18)

کل نمبر 100

سوال نمبر 1۔ اسلامی ریاست کے دفاع کے لیے آنحضور ﷺ نے کیا کیا اقدامات کیے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ حضور ﷺ کی حسنِ معاشرت کے مختلف گوشوں کو قلم بند کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حضور ﷺ کے تبلیغ کے اثرات پر مفصل تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ سیرت طیبہ کی روشنی میں جہاد فی سبیل اللہ کے اصولوں کی فہرست تیار کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ درج ذیل قرآنی آیات کا ترجمہ کریں۔ (10+10=20)

(1) يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ

(2) اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ